# پارہ 19 وَقَالَ الَّذِیۡنَ

## استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

# دَورۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

2019 دورۃ القرآن

نور القرآن

# پارہ 19

- شرک کے ساتھ کی گئی نیکیاں قابل قبول نہیں۔ شرک سے بچنا ہے۔
- قرآن کتاب ہدایت ہے۔ اس سے ہدایت لینی ہے صرف برکتوں والی کتاب نہیں بنانا۔
- جب آپ سچے دین پر چلنے لگیں گے تو لوگ باتیں کریں گے۔ گھبرانا نہیں صبر سے کام لینا ہے۔
- نفسانی خواہشات کو خدا نہیں بنانا۔ اپنا جائزہ لینا ہے۔

2019 دَورۃُ القُرآن

پارہ 19

- قبروں کو سجدے نہیں کرنے۔ چڑھاوے نہیں چڑھانے۔ شرک سے دور رہنا ہے۔
- اچھی آخرت کے لیے اچھے اعمال کرنے ہیں۔
- پورے یقین کے ساتھ نیکی کرنی ہے۔
- دین میں شک نہیں کرنا۔
- قرآن اور قلم سے جہاد کرنا ہے۔ فرقہ پرستی سے بچنا ہے۔

## پارہ 19

### اللہ سے صالحین میں شامل ہونے کی دعا کرنی ہے

- دین کیلیئے جس بھی قربانی کی ضرورت ہو وہ دینی ہے۔
- دعا کرنی ہے کہ اللہ مجھے دین کی خدمت کے لیے چن لے۔
- گھروں میں سکون اور اطمینان کے لئے قرآن کو عام کرنا ہے۔
- اگر اللہ آپ کے کسی گناہ پر پردہ ڈال رہا ہے تو اس کا چرچا نہیں کرنا۔ اللہ سے توبہ کرنی ہے
- تکبر اور غرور سے بچنا ہے۔

## سسرالی رشتوں کی اہمیت

انسان کا نسب تو اس کے والدین سے چلتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی بیوی کے حوالے سے دوسرے خاندان کے ساتھ بھی اس کا رشتہ اور تعلق جوڑا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے ساس اور سسر کو بھی اللہ تعالیٰ نے والدین جیسا تقدس اور احترام عطا کیا ہے۔ سسرالی رشتہ داریاں اگر نہ ہوتیں تو قبیلوں اور خاندانوں کا معاشرے میں باہمی ارتباط و اختلاط ممکن نہ ہوتا اور ہر خاندان دوسرے خاندان سے الگ تھلگ رہتا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سسرالی رشتوں کا تانا بانا اس طرح سے بُن رکھا ہے کہ اس سے نوع انسانی باہم مربوط ہوتی چلی جاتی ہے۔